دی سٹی سکول

پی اے ایف چیپٹر

ورک شیٹ

اردو

جماعت: ہفتم

میعاد دوم

تفہیم

مولانا روم (۱۲۰۷ء۔۱۲۷۳)

مولانا روم کا اصلی نام جلال الدین تھا۔لیکن آپ نے مولانا رومی کے نام سے شہرت پائی۔آپ "بلخ" (افغانستان کا ایک قدیم شہر) میں پیدا ہوئے۔آپ کے والد اپنے زمانے کے مشہور عالم تھے۔آپ کے والد نے آپ کو ابتدائی تعلیم دی اور پھر اپنے مرید سید برہان الدین کو جو اپنے زمانے کے فاضل علماء میں شمار کیے جاتے تھے،مولانا کا اتالیق (اُستاد) بنایا۔اکثر علوم مولانا کو انہی سے حاصل ہوئے۔جب تک آپ کے والد زندہ رہے آپ انہی کی خدمت میں رہے۔والد کے انتقال کے بعد شام چلے گئے۔

مولانا رومی اپنے دور کے اکابر علماء میں سے تھے۔فقہ اور مذاہب کے بہت بڑے عالم تھے لیکن آپ کی شہرت بطور ایک صوفی شاعر کے ہوئی ۔آپ کو دیگر علوم پر مہارت حاصل تھی۔مولانا تقریباً ۳۰ سال تک قونیہ (ترکی) میں تدریسی فرائض انجام دیے۔

آپ نے ۳۵۰۰ غزلیں ۲۰۰ رُباعیات اور رزمیہ نظمیں لکھیں۔

علامہ اقبال رومی کو اپنا روحانی اُستاد مانتے تھے۔رومی کے کئی فارسی اشعار کا اقبال نے اردو میں ترجمہ کیا۔اقبال کا یہ مشہور شعر بھی رومی کے فارسی شعر کا ترجمہ ہے۔

خرد کے پاس خبر کے سوا کچھ اور نہیں
تیرا علاج نظر کے سوا کچھ اور نہیں

مولانا کا انتقال ۶۶ سال کی عمر میں سن ۱۲۷۳ ءبمطابق ۶۷۲ ھ میں انتقال ہوا۔قونیہ میں آپ کا مزار آج بھی عقیدت مندوں کا مرکز ہے۔

سوالات:

۱۔مولانا روم کا اصلی نام کیا تھا؟

۲۔مولانا کے والد کے بعد اُن کے استاد کون تھے؟

۳۔مولانا لوگوں میں کس حوالے سے مقبول تھے؟

۴۔علامہ اقبال اور مولانا رومی کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

"تفہیم"

کسی چیز کو تحقیق کے بغیر سمجھنے کا دعویٰ مت کرو۔ محض اندازے پر بھروسہ مت کرو ورنہ اُس بہرے کی طرح ہو گے جو بیمار کی عیادت کے لیے گیا تھا۔

ایک بہرے سے کسی نے کہا" تمہارا پڑوسی بیمار ہو گیا ہے۔"

بہرے نے دل میں سوچا" بہرے کانوں سے میں بیمار کی گفتگو کا سمجھوں گا۔ بہر حال عیادت کے لیے جانا ہی چاہیے۔ جب میں دیکھوں گا کہ اس کے ہونٹ ہلتے ہیں میں سمجھ جاؤں گا کہ وہ کچھ کہہ رہا ہے۔ اندازے سے سب کچھ سمجھ گا میں پوچھوں گا کہ کی حال کیسا ہے؟ وہ ضرور کہے گا کہ اچھا ہوں میں کہہ دوں گا خدا کا شکر ہے۔ میں پوچھوں گا، کیا کھایا ہے؟ وہ کسی اچھی سی دوائی کا نام لے گا۔ میں کہہ دوں گا تمہارے لیے بہت مناسب ہے۔ یہی کھاتے رہو میں معالج کا نام پوچھوں گا۔ وہ کسی معالج کا نام لے گا میں کہہ دوں گا اُس کا آنا تمہارے لیے مبارک ہو۔ اب تمہارا کام بن جائے گا میں ابھی ابھی اُسی کے پاس سے آرا ہا ہوں۔ میں نے بھی اسے تاکید کی ہے کہ تمہیں بھول نہ جائے

یہ سوچ کر بہرا بیمار کے پاس گیا اُس کے سرہانے بیٹھ کر اُس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور پوچھا، حال کیسا ہے؟

بیمار نے کہا،" ہائے مر رہا ہوں

بہرے نے کہا، خدا کا شکر ہے! پھر پوچھا، کیا کھایا بیمار نے جل کر جواب دیا، زہر کھایا ہے،

بہرے نے کہا، تمہارے لیے یہ بہت مناسب ہے۔، یہی کھاتے رہو۔ پھر پوچھا علاج کے لیے کون آتا ہے۔،

بیمار سخت بیزار ہو چکا تھا۔ جواب دیا۔، موت کا فرشتہ آتا ہے۔

بہرے نے کہا اُسکا آنا تمہارے لیے مبارک ہے اب تمہارا کام بن جائے گا۔ میں ابھی ابھی اُس کے پاس آ رہا ہوں۔ میں نے بھی اسے تاکید کی ہے کہ تمہیں بھول نہ جائے۔

سوالات:

۱۔ تفہیم کے آغاز میں ہمیں کون سی نصیحت کی گئی ہے؟ وجہ لکھیں۔

۲۔ بہرا بیمار کی عیادت کرنے کے لیے گیا تھا لیکن اس کے باوجود بیمار اس سے خوش کیوں نہیں ہوا؟

۳۔ آپ کو کون سی حکایت کی نصیحت سب سے اچھی لگی اور کیوں؟

۴۔ آپ کے خیال میں مولانا روم نے اپنا پیغام لوگوں تک پہنچانے کے لیے دلچسپ حکایات کا سہارا کیوں لیا؟

علاماتِ وقف

دوسری زبانوں کی طرح علامات وقف کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ان کے بغیر عبارت میں اُلجھاؤ پیدا ہو جاتا ہے۔اور مفہوم سمجھنا دُشوار ہو جاتا ہے۔ بلکہ بعض اوقات کسی علامت کی جگہ تبدیل ہونے سے معنی بھی بدل جاتے ہیں۔مثلاً ان دو جملوں کے دیکھیے :

۱۔پکڑو، مت جانے دو

۲۔پکڑو مت جانے دو

درج ذیل عبارت غور سے پڑھیے؛

اسلم نے پوچھا ،" ابا جان! کیا کچھ لوگ نماز کو فرض سمجھنے کے علاوہ کسی مقصد سے بھی پرھتے ہیں۔، ابا جان بولے۔،ہاں بیٹے! بعض لوگ نماز اس لیے پڑھتے ہیں کہ لوگ انہیں اچھا اور نیک انسان سمجھیں۔ایسی نماز دِکھاوے کی نماز ہے۔اور اس کا کو یہ ثواب نہیں۔اسلم میاں نے خوش ہوکر کہا۔ابا جان! امام صاحب کی بات اب میری سمجھ میں آ گئی۔ہم نماز پڑھتے ہیں اور نماز پڑھنا ایک اچھا کام ہے۔لیکن یہ اچھا کام عزت حاصل کرنے یا دوسروں کی نظر میں نیک بننے کے لیے کریں تو اس کی ساری اچھائی ختم ہو جاتی ہے۔

۱۔آپ نے دیکھا کہ جب کسی کی کہی ہوئی بات اُس کے الفاظ میں بیان کرنی ہو تو جہاں سے جملہ شروع ہو وہاں یہ(,,) نشان لگاتے ہیں اور جہاں ختم ہو وہاں یہ(،،) نشان لاگتے ہیں ان کو واوین یا علامتِ اقتباس(Inverted Commas) کہتے ہیں۔

۲۔ جملے میں جب کسی کو مخاطب کیا جائے تو یہ(!) نشان لگاتے ہیں اسی طرح جب خوشی،رنج یا حیرت کا اظہار کیا جائے تو بھی یہی نشان لگاتے ہیں۔اس نشان (!) کو علامت تعجب یا ندیہ(Exclamation Mark) کہتے ہین مثلاً

۱۔واہ وا! کیسا سہانا موسم ہے۔

۲۔اُف! آج کتنی گرمی ہے۔

۳۔آہ! اب میں اسے کبھی نہ دیکھ سکوں گا۔

۳۔ایک ہی جملے میں بہت سی باتیں کہی جائیں یا جملہ طویل ہو تو اسے سمجھنے میں آسانی پیدا کرنے کے لیے بیچ میں یہ نشان (،) لگا دیتے ہیں اسے وقفہ خفیف یا سکنہ(comma) کہتے ہیں۔

۴۔جب کوئی جملہ سوال کی صورت میں ختم ہو تو یہ نشان (؟) لگاتے ہیں۔اسے نشانِ استفہام یا سوالیہ نشان(Interogation Mark) کہتے ہیں۔

۵۔جہاں جملہ ختم ہو وہاں یہ نشان (۔) لگاتے ہیں۔اسے وقفہ(Full Stop) کہتے ہیں۔

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے ؛

یہ(,,)نشان کہاں لگاتے ہیں؟

یہ(؟)نشان کب لگاتے ہیں مثال دیجئے۔

یہ(!)نشان کس کس موقع پر لگاتے ہیں۔دو مثالیں دیجئے۔

یہ نشان (۔) کب لگاتے ہیں اور اسے کیا کہتے ہیں؟

درج ذیل جملوں میں علاماتِ وقف لگائیے:

جملے	نئے جملے
۱۔انہیں کشتی لڑنا گھڑسواری اور دوڑ لگانا پسند ہے	------------------------------------
۲۔کیاتم وہاں گئے تھے	------------------------------------
۳۔سبحان اللہ تمہاری ہمت کا کیا کہنا	------------------------------------
۴۔انہوں نے کہا ہے دفتر سے جلدی نکلوں گا	------------------------------------
۵۔ارے لڑکو اندر آ جاؤ	------------------------------------
۶۔ہائے اس کا کم عمری میں انتقال ہوگیا	------------------------------------
۷۔باغ میں آم امرود اور کیلے کے درخت لگے ہیں	------------------------------------
۸۔امی جان نے سمجھایا دیکھو کبھی کسی کا دل نہ دکھانا	------------------------------------

گھاس

گھاس قدرت کا ایک عجوبہ ہے۔آپ کرہ عرض کے کسی بھی حصے میں چلے جائیں گھاس ہر جگہ آپ کے استقبال کے لیے موجود ہوگی۔ایک اندازے کے مطابق زمین کا پانچواں حصہ گھاس نے گھیر رکھا ہے۔اب تاک کی تحقیق کے مطابق گھاس کی چھ ہزار سے زائد قسمیں دریافت کی جا چکی ہیں۔مختلف علاقوں مین گھاس کی مختلف شکلیں پائی جاتی ہیں۔کہیں گھاس پتلی اور چھوٹی ہے کہیں لمبی اور موٹی۔کہیں اس کے ریشے چمک دار و ملائم اور خوب صورت ہیں اور کہیں کھردرے اور سخت۔جنوبی امریکہ اور افریکہ کے بعض حصوں میں گھاس کے عجیب عجیب نمونے دیکھے گئے ہیں۔گھاس کے بعض پودے خرگوسوں، چوہوں اور اس طرح کے دوسرے چھوٹے جانوروں کی شباحت سے ملتے جلتے ہیں۔گھاس کے رنگوں میں فرق پایا جاتا ہے۔شمالی امریکہ،جنوبی امریکہ،روس،اور نیوزی لینڈ میں گھاس کے بڑے بڑے میدان ہیں ۔نیوزی لینڈ کی گھاس سب سے اچھی اور اعلیٰ درجے کی ہے۔اور ماہرین کی تحقیق کے مطابق اس میں توانائی کی مقدار بھی زیادہ ہے۔ سائنس کا کہنا ہے کہ گھاس ایک ایسی شے ہے۔ جو سورج سے بہت زیادہ توانائی حاصل کرتی ہے۔ایک ایٹم بم جتنی قوت رکھتا ہے اتنی قوت سات سو ایکڑ میں پھیلے ہوئی گھاس ایک دن میں سورج سے جذب کر لیتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ گھاس جسے ہم نہایت حقیر اور فضول سمجھتے ہیں سونے سے بھی کہیں زیادہ قیمتی ہے۔معمولی قسم کی گھاس اگر چہ پتلے ریشے کی مانند ہوتی ہے لیکن اگر خوردبین سے دیکھا جائے تو اس کی بناوٹ نہایت حیران کن اور عجیب نظر آتی ہے۔

سوالات:

ا۔گھاس قدرت کا عجوبہ کیوں ہے؟

۲۔گھاس کی مختلف قسموں میں کیا کیا نمایاں فرق ہوتے ہیں؟

۳۔نیوزی لینڈ کی گھاس میں کیا خاص بات ہے؟

۴۔سائنس دان گھاس کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

۵۔گھاس سونے سے قیمتی کیوں ہے؟

۶۔مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے:۔

استقبال۔تحقیق۔توانائی۔شکلوشباہت۔قوت۔دریافت

حصہ ادب

سوال جواب

سوال نمبر ۱۔ حضرت محمد ﷺ کی تبلیغ نے عرب میں کیا تبدیلیاں پیدا ہوئیں؟

سوال نمبر ۲۔ حضرت محمد ﷺ نے اُمت کو کیا پیغام دیا؟

سوال نمبر ۳۔ محمود غزنوی کا اپنی رعایا کے ساتھ سلوک کیسا تھا؟ آپ نے یہ اندازہ کس بات سے لگایا۔

سوال نمبر ۴۔ کہانی کے کرداروں کے کمالات تحریر کریں۔ آپ کو کس کا کمال سب سے زیادہ پسند آیا؟

سوال نمبر۵۔اس ترانے میں شاعر اپنے وطن کو کس کس سے تشبیہ دے رہے ہیں؟

سوال نمبر۶۔تحقیق کے مطابق موئن جودڑو کی کون کون سی خصوصیات سامنے آئی ہیں؟

سوال نمبر۷۔وہ کون سے عوامل ہیں جو ہمیں بتاتے ہیں کہ شہر میں حفظانِ صحت کا خیال رکھا جاتا ہے؟

سوال نمبر۸۔بیٹے کا خواب سن کر حضرت یعقوبؑ نے انہیں کیا مشورہ دیا اور کیوں؟

سوال نمبر۹۔مصنف کو اپنے وطن اور سیاسی ملک میں کیا مماثلت نظر نہیں آئی؟

سوال نمبر ۱۰۔ مصنف نے الہ دین کے چراغ کا استعارہ کیوں استعمال کیا ہے؟

تشریح حوالہ کے ساتھ کریں

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا
مرادیں غریبوں کی بر لانے والا
مصیبت میں غیروں کے کام آنے والا
وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا
فقیروں کا ملجا، ضعیفوں کا ماویٰ
یتیموں کا والی، غلاموں کا مولیٰ

حوالہ:

تشریح:

حصہ قواعد

واحد جمع

واحد کی جمع لکھیئے

۱۔عیب ----------

۲۔جاہل ----------

۳۔شریف ----------

۴۔غریب ----------

۵۔محفل ----------

۶۔طائر ----------

۷۔نقل ----------

۸۔شاعر ----------

۹۔شرک ----------

۱۰۔افواہ ----------

۱۱۔تاریخ ----------

۱۲۔مفہوم ----------

۱۳۔زائر ----------

۱۴۔ضابطہ ----------

۱۵۔قائد ----------

	واحد	جمع	جمع الجمع
۱۶۔	اکبر	----------	----------
۱۷۔	امر	----------	----------
۱۸۔	جوہر	----------	----------
۱۹۔	حادثہ	----------	----------
۲۰۔	عجیب	----------	----------

مذکر مونث

مذکر کی مونث لکھیے۔

۱۔محترم ----------------

۲۔مومن ----------------

۳۔مصنف ----------------

۴۔مئولف ----------------

۵۔طالب ----------------

۶۔ساحر ----------------

۷۔سقا ----------------

۸۔رفیق ----------------

۹۔بہنوئی ----------------

۱۰۔صابر ----------------

۱۱۔سمدھی ----------------

۱۲۔ادیب ----------------

۱۳۔عالم ----------------

۱۴۔مکرم ----------------

۱۵۔حافظ ----------------

مشق:۔

خط کشیدہ الفاظ کی مونث یا مذکر قوسین میں لکھئے۔

۱۔نماز مومن کی معراج ہے۔ (   )

۲۔میرے بہنوئی عمرے کی ادئیگی کرنے گئے (   )

۳۔احمد بہت ذہین حافظ قرآن ہے۔ (   )

۴۔اس کتاب کے مصنف نے دیگر علوم پر بھی کتابیں لکھی ہیں۔ (   )

میرا دوست بہت صابر اور شاکر ہے۔ (   )

متضاد الفاظ:۔

الفاظ	متضاد	الفاظ	متضاد
۱۔بُوند	----------	۱۴۔مخلوق	----------
۲۔ساکن	----------	۱۵۔ظالم	----------
۳۔فتح	---------	۱۶۔زندہ	----------
۴۔شیریں	----------	۱۷۔شاہ	----------
۵۔عارضی	----------	۱۸۔بلند	----------
۶۔تنہائی	----------	۱۹۔آمدنی	----------
۷۔قحط	----------	۲۰۔طُول	-----------
۸۔کثیر	----------		
۹۔بری	----------		
۱۰۔دلیری	----------		
۱۱۔عروج	----------		
۱۲۔محل	----------		
۱۳۔آقا	----------		

خالی جگہوں میں خط کشیدہ الفاظ کے متضاد لکھیے۔

۱۔یادیں تلخ ہوں یا--------ہمیشہ اداس کر دیتی ہیں۔

۲۔ہر عروج کو--------ہے۔

۳۔سمندر--------اور جھیل ساکن ہوتی ہے۔

۴۔ہمارے مُلک کی بری اور--------افواج کو دنیا بھر میں برتری حاصل ہے۔

۵۔اس کی آمدنی کم اور--------زیادہ ہے۔

۶ تنہائی ہو یا--------ہمیشہ اپنے رب کو یاد رکھنا چاہیے۔

مترادف الفاظ:۔

الفاظ	مترادف	الفاظ	مترادف
۱۔آنکھ	-------	۱۴۔صادق	-------
۲۔اعتراض	-------	۱۵۔عزم	-------
۳۔جیت	-------	۱۶۔ضیافت	-------
۴۔فطرت	-------	۱۷۔ذائقہ	-------
۵۔امتحان	-------	۱۸۔شرارہ	-------
۶۔افسردہ	-------	۱۹۔یوم	-------
۷۔بوسیدہ	-------	۲۰۔سدا	-------
۸۔رشتہ	-------		
۹۔قائم	-------		
۱۰۔حریف	-------		
۱۱۔مروت	-------		
۱۲۔نادم	-------		
۱۳۔سیاہ	-------		

سوال: مندرجہ ذیل خالی جگہوں میں مترادف لکھیئے ۔

۱۔ کرکٹ میچ میں ہماری ٹیم نے نمایاں ____________ حاصل کی ۔ (جیت)

۲۔ میرے دوست کو میری ہر بات پر ____________ ہوتا ہے ۔ (نکتہ چینی)

۳۔ فقیر کے ____________ کپڑے دیکھ کر لوگوں نے اُسکی مدد کی۔ (پرانا)

۴۔ امجد اپنی غلطی پر بہت ____________ ہوا ۔ (شرمسار)

۵۔ پاکستانی افواج کے ____________ بہت بلند ہیں۔ (عزائم)

۶۔ میری امی کے کھانوں میں بہت ____________ ہے ۔ (لذت)

۷۔ اللہ کے نیک بندے ہر ____________ میں پورے اترتے ہیں ۔ (آمائش)

۸۔ آج کی ____________ بہت شاندار تھی ۔ (ضیافت)

محاورات

محاورات کے معنیٰ لکھیے اور جملوں میں استعمال کریں۔

۱۔دانت کھٹے کرنا ---------------------------

جملہ:--

۲۔دوڑ دھوپ کرنا ---------------------------

جملہ:--

۳۔سورج کو چراغ دکھانا ---------------------------

جملہ:--

۴۔رفو چکر ہونا ---------------------------

جملہ:--

۵۔زخموں پر نمک چھڑکنا ---------------------------

جملہ:--

۶۔طوطا چشم ہونا ---------------------------

جملہ:--

۷۔عقل پر پردہ ہونا ---------------------------

جملہ:--

۸۔قلع قمع کرنا ---------------------------

جملہ:--

۹۔کان کا کچا ہونا ---------------------------

جملہ:--

۱۰۔گھی کے چراغ جلانا ---------------------------

جملہ:--

۱۱۔لٹیا ڈبونا ---------------------------

جملہ:--

۱۲۔لوہا منوانا ــــــــــــــــــــ

جملہ:ــ

۱۳۔نو دو گیارہ ہونا ــــــــــــــــــــ

جملہ:ــ

۱۴۔ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا ــــــــــــــــــــ

جملہ:ــ

۱۵۔ہوا سے باتیں کرنا ــــــــــــــــــــ

جملہ:ــ

سوال: جملہ پڑھ کر محاورہ لکھیے۔

۱۔پاکستان نے ۱۹۶۵ کی جنگ میں دشمن کو شکست دی ــــــــــــــــــــ

۲۔چور سامان لے کر بھاگ گیا ــــــــــــــــــــ

۳۔سعدیہ بے مروت ہے وقت پڑنے پر دھوکا دے دیتی ہے ــــــــــــــــــــ

۴۔کامران نے بہترین تقریر کر کے اپنی قابلیت اور صلاحیت منوائی ــــــــــــــــــــ

۵۔تم تو جب بھی آتے ہو ہمیشہ جلدی میں رہتے ہو ــــــــــــــــــــ

۶۔تمہاری نئی گاڑی تو واقعی بہت تیز ہے ــــــــــــــــــــ

ضرب الامثال:

۱۔اندھے کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

معنیٰ۔۔۔

۲۔ناچ نہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

معنیٰ۔۔۔

۳۔برے وقت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

معنیٰ۔۔

۴۔گیہوں کے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

معنیٰ۔۔

۵۔رسی جل گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

معنیٰ:۔۔

۶۔جس کا کام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

معنیٰ:۔۔

۷۔اندھا کیا جانے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

معنیٰ:۔۔

۸۔۔چور کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

معنیٰ:۔۔

۹۔کام کا نہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

معنیٰ:۔۔

۱۰۔کوا چلا ہنس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

معنیٰ:۔۔

مرکبات

ذیل میں دیے گئے مرکبات میں سے کون سے مرکب کا کیا نام ہے سامنے لکھئے۔

قائدملت ----------------------

باورچی خانہ ----------------------

روٹی ووٹی ----------------------

محنتی لڑکا ----------------------

گل وبلبل ----------------------

شاعرمشرق ----------------------

ریشمی رومال ----------------------

قلم اور کاغذ ----------------------

بارہ مہینے ----------------------

جان پہچان ----------------------

چوبیس بکریاں ----------------------

کھیل کود ----------------------

نصیرآباد ----------------------

چڑیا گھر ----------------------

گپ شپ ----------------------

نیلا پانی ----------------------

سلام ودعا ----------------------

سابقے ، لاحقے

دیئے گئے سابقوں سے تین تین الفاظ بنائیے۔

۱۔پیش －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

۲۔وار －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

۳۔زور －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

۴۔خانہ －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

۵۔کم －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

۶۔گُل －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

۷۔سر －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

۸۔نیک －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

۹۔جہاں －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

۱۰۔کار －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

لاحقے:

۱۔گر －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

۲۔کدہ －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

۳۔زار －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

۴۔خوار －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

۵۔زدہ －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

۶۔باز －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－

۷۔پرور －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－－

۸۔آلودہ －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－－

۹۔خور －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－－

۱۰۔گو －－－－－－－－ －－－－－－－－－ －－－－－－－－－－

علامات

درج ذیل جملوں میں مناسب علاماتِ وقف لگا کر انہیں دوبارہ لکھیئے ۔

ا۔استاد نے کہا پیارے بچو میں آج تمہیں ایک نہایت دلچسپ کہانی سناؤں گا

۲۔اے خدا ہمیں نیکی کی توفیق عطا فرما

۳۔احمد تمہیں ان مین سے کونسی کتاب پسند ہے

۴۔وہ سڑک لمبی چوڑی اور ویران تھی

۵۔تمہیں کونسا پھل پسند ہے آم کیلا یا انگور

٦۔وہ لوگ جو جرات ہمت محنت اور استقلال سے کام کرتے ہیں ہمیشہ کامیاب ہوتے ہیں